© rasailojaraid.com



# جہلم کا مصنوعی صحابی

تحریر: فیض احمد بھٹی کنگن پوری     متعلم جامعہ علوم اثریہ جہلم

گذشتہ دنوں راقم اور کچھ دیگر ساتھی سیر و تفریح کے لئے دریائے جہلم کی طرف نکلے وہاں پر پہلے کی طرح بڑی دھوم دھام اور ڈھول ڈھمکوں کی تھاپ پر پیر سلیمان پارس کا عرس یعنی میلہ منایا جارہا تھا۔ کچھ معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم لوگ بھی مزار کے ہجوم کی طرف بڑھے تو ایک جگہ پر بک سٹال لگا ہوا تھا۔ وہاں ایک کتابچہ فروخت ہو رہا تھا جس میں پیر سلیمان پارس کا مفصل تعارف اور من گھڑت کرامات کا تذکرہ تھا۔ اس بک سٹال سے راقم نے بھی ایک عدد کتابچہ خریدا جس کے ٹائیٹل پر مندرجہ ذیل عبارت تحریر تھی۔

[[ ”اظہار الحق فی الحقیقت مرد حق“

یعنی حضرت پیر سلیمان پارس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مزار گوہر خزینہ الجوہر، منبع انوار، فیوض لی لابرار، بر لب دریائے جہلم شریف

از قلم: سگ زریں زربخت، غوث و قطب وقت خواجہ خواجگاں صوفی نواب الدین المعروف قبلۂ عالم۔۔۔

مصنف: محمد صفدر علی سلیمانی نقشبندی۔۔۔۔۔۔۔]]

میں نے جب اس کتابچے کا مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ مصنف مذکور نے دراصل اپنی دکانداری چمکانے اور بدعات کو پھیلانے کیلئے یہ سب کچھ تحریر کیا ہے۔ کیونکہ بعض لوگوں نے تو بدعات اور خرافات کو عروج دینے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔ اور پھر مصنف مذکور نے اپنے کتابچے کو مشہور کرنے کیلئے اس کی نسبت پیر سلیمان پارس کی طرف کر دی تاکہ اس رسالے کی تشہیر میں آسانی پیدا ہو جائے۔

بہر حال اس بدعتوں بھرے اور قرآن و سنت کے خلاف من گھڑت کتابچے کو غور سے پڑھنے کے بعد مجھے مجبوری سے یہ بات کہنا پڑ گئی کہ دنیا میں بہت سے ممالک جہالت کے اندھیرے میں گھرے ہوئے ہیں مگر پاکستان کو تو جہالت نے اپنا مرکز و محور بنا رکھا ہے۔ کیونکہ پاکستان میں کثرت سے ایسے لوگ موجود ہیں جو کہ اپنے آپ کو سچا عاشق رسول ﷺ ثابت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں جیسے انہیں یہ سعادت (یعنی بدعات کو پھیلانا) بذریعہ وحی حاصل ہوئی ہے۔ اب آپ کو مضمون کی مناسبت سے یہ بات بھی بتلاتا جاؤں کہ مندرجہ ذیل بدعات ان نام نہاد مسلمانوں نے دین سمجھ کر اسلام میں داخل کر رکھی ہیں۔ قبروں پر عرس اور میلے کرنا، قبروں پر سجدہ کرنا، قبروں پر چڑھاوے چڑھانا، غیر اللہ یعنی مردوں وغیرہ سے مدد مانگنا۔ مزاروں پر نذریں مانگنا۔ قبروں سے مرادیں مانگنا۔ غیر اللہ کی قبروں کی زیارت کے لئے نیت باندھ کر جانا غیر اللہ کے نام پر چیزیں تقسیم کرنا۔ پختہ قبریں بنانا۔ قبروں پر گنبد بنانا قبروں پر بہشتی دروازے بنانا اور ان میں سے گزرنا، قبروں کو سجدہ گاہ یا مساجد میں قبریں بنانا۔ قبروں پر ڈھول بجانا۔ قبروں پر ہیجڑے نچانا اور تماشے لگانا۔ قوالیاں کرنا۔ اذان سے قبل صلوٰۃ کہنا۔ قل کرنا۔ ساتواں کرنا، چالیسواں کرنا۔ برسی منانا۔ گیارہویں دینا۔ ختم پڑھنا، رجب کے کونڈے بھرنا اور محمد مصطفیٰ ﷺ کا ۱۲ ربیع الاول کو جلوس نکالنا۔ یہ اتنی زیادہ بدعات ہیں جن کو شمار نہیں کیا جاسکتا۔ اور ایسی خطرناک بدعات ہیں جو کہ اسلام میں ان لوگوں نے داخل کر رکھی ہیں جن کی وجہ سے اصل دین محمدی ﷺ کو پہچاننا بہت مشکل ہو چکا ہے۔

اگر میں صرف ان بدعات کا پوسٹ مارٹم کروں تو اپنے مقصد سے دور ہو جاؤں گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہر حال میں نے جن بدعات کا تذکرہ آپ کے سامنے کیا ہے۔ یہ تمام کی تمام غیر مسلموں کی ایجاد کردہ ہیں مگر ان پر نام نہاد مسلمانوں نے بہت زیادہ عمل کرر کھا ہے۔اب میں ان بدعات کے رد میں قرآن و حدیث اور دیگر معتبر حوالہ جات کو تحریر کرتا ہوں تاکہ آپ کو پڑھ کر تسلی ہو جائے۔ ؎ شاید کہ اتر جائے ترے دل میں میری بات

(1) مروجہ خود ساختہ بدعات اور رسومات نہ قرآن سے ثابت ہیں۔نہ فرمان مصطفیٰ ﷺ سے۔نہ صحابہ کرامؓ سے۔نہ تابعینؒ سے۔نہ تبع تابعینؒ سے۔نہ آئمہ عظامؒ سے۔اور سچ پوچھیں تو فقہ کی کسی بھی معتبر کتاب سے اس قسم کی بدعات کا کوئی بھی ثبوت نہیں ملتا۔

(2) قرآن حکیم کی سورۃ الصافات آیت نمبر ۸۹ میں واضح طور پر مذکور ہے کہ نمرودی کافروں نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ تم ہمارے ساتھ فلاں میلے پر چلو مگر حضرت ابراہیمؑ نے مریض بن کر میلے پر جانے سے انکار کر دیا۔ معلوم ہوا کہ میلے منانا اور ان پر جانا غیر مسلموں کا فعل ہے۔اور ان پر جانے سے انکار کرنا حضرت ابراہیمؑ کی سنت طیبہ ہے۔

(3) ارشادربانی ہے۔(لاتدع من دون الله مالاينفعك ولايضرك فان فعلت فانك اذاً من الظلمين)(ھود: ۱۰۶)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے علاوہ تم کسی کو نہ پکارو نہ تو کوئی تمھارے نفع کا مالک ہے اور نہ ہی تمہیں کوئی نقصان دینے پر قادر ہے۔اگر تم نے ایسا کیا یعنی غیر اللہ سے پکار کی تو اس وقت تم ظالموں میں شامل ہو جاؤ گے۔

(4) بخاری اور مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تباہ و برباد کرے یہودیوں اور عیسائیوں کو جنھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔

(5) "لعن الله اليهود والنصارىٰ اتخذوا قبور انبيائهم مساجد"

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ان یہودیوں اور نصرانیوں پر لعنت اور پھٹکار کرے جنھوں نے اپنے نبیوںؑ کی قبور کو سجدہ گاہ بنا لیا۔اس حدیث پاک سے بہت سے مسائل حل ہوتے ہیں۔

(ا) قبروں پر مسجدیں بنانا اور وہاں پر قبر پرستی کرنا یہ یہودیوں اور عیسائیوں کا فعل ہے۔نہ کہ مسلمانوں کا۔

(ب) یعنی جو قبروں پر سجدہ کرتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت اور محمد ﷺ کی بددعا ہوتی ہے۔

(ج) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ جب انبیاء کی قبور پر سجدہ وغیرہ کرنا حرام ہے۔اور ناجائز ہے۔تو پھر عام آدمی یا کسی بزرگ کی قبر پر سجدہ کرنا اور مرادیں مانگنا کیسے جائز ہو سکتا ہے؟

(6) بخاری اور مسلم شریف میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے:

(كانوا اذا مات فيهم الرجل الصالح بنوا على قبره مسجدا (اوفيه) اولئك شر الخلق)

ترجمہ: جب کبھی ان میں سے کوئی نیک آدمی فوت ہو جاتا تو وہ اس کی قبر کو سجدہ گاہ بنا لیتے۔یہی لوگ مخلوق میں سے بدترین ہیں۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ صرف انبیاءؑ کی نہیں بلکہ بزرگوں کی قبروں کو بھی سجدہ گاہ بنانا حرام ہے۔اگر کوئی ایسا کرتا ہے۔تو وہ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے مروی شدہ فرمان اقدس کے مطابق مخلوقات میں سے بدترین آدمی ہے۔

(7) بریلوی مکتب فکر کا اعتراض ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی قبر پختہ ہے۔اور مسجد کے بھی قریب ہے۔اس لئے ہم بھی قبروں کو پختہ اور مسجد کے قریب بناتے ہیں اس بات میں کوئی قباحت نہیں۔

جواب: بریلویت کا یہ اعتراض انتہائی بودا ہے۔کیونکہ نبیؑ جس جگہ فوت ہوتے ہیں اسے وہیں پہ دفن کیا جاتا ہے۔لہٰذا آپ ﷺ مسجد نبوی کے قریب حجرہ عائشہؓ میں فوت ہوئے تھے اور وہیں پہ آپ ﷺ کو دفن کیا گیا تھا۔اور حضور ﷺ کی قبر پر عمارت اس لئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بنائی گئی تھی کہ یہودی لوگ اور دیگر کافر آپ ﷺ کے جسد اطہر کو قبر سے نکال کر مسلمانوں کو بے عزت کرنا چاہتے تھے اسلئے آپ ﷺ کی قبر مبارک کے آس پاس زمین کی نچلی تہہ تک مختلف دھاتیں پگھلا کر ڈالی گئیں تھیں اور مضبوط جالی اور عمارت کے ذریعے اوپر سے بھی قبر اطہر کو محفوظ کر دیا گیا ہے۔ لیکن رسول اللہ ﷺ کی قبر اطہر آج بھی اندر سے بالکل کچی ہے۔

(8) صحیح مسلم شریف میں حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ (**نهى رسول الله ﷺ ان يجصص القبر وان يقعد عليه وان يبنى عليه**) یعنی آپ ﷺ نے قبروں کو پختہ بنانے سے اور ان پر بیٹھنے سے اور ان پر عمارت بنانے سے منع فرمایا۔ اس حدیث سے معلوم ہو کہ پکی قبریں بنانا، ان پر مجاور بن کر بیٹھنا اور ان پر قبے اور مزار بنانا سب کچھ حرام ہیں۔

(9) بخاری اور مسلم شریف میں حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے۔ "**قال رسول الله ﷺ لاتشدالرحال الاالى ثلثة مساجد، مسجدالحرام والمسجدالاقصى ومسجدى هذا**" یعنی رسول اللہ ﷺ نے ثواب کی نیت سے سامان باندھ کر زیارت کرنے کیلئے سفر کرنا منع فرمایا ہے۔ صرف مسجد حرام۔ مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی کیلئے سفر کرنا اور زیارت کرنا ثواب کیلئے جائز قرار دیا۔ معلوم ہوا کہ پیروں فقیروں کے مزاروں پر زیارت کی نیت سے سفر کر کے جانا بالکل حرام فرمایا ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے۔ صرف تین مقامات پر ہی بطور زیارت اور تیاری کے ساتھ ثواب کیلئے جایا جا سکتا ہے۔ اور کسی بھی مقام پر اس طرح جانا خلاف سنت مصطفیٰ ﷺ ہے۔

(10) ترمذی، نسائی اور ابو داؤد شریف میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے۔ "**لعن رسول الله ﷺ زائرات القبور والمتخذين عليها المساجد والسرج**" اس حدیث میں آپ ﷺ نے قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں اور قبر پرستی کرنے والے اور اس پر چراغ وغیرہ جلانے والوں پر لعنت فرمائی۔

(11) فتاویٰ قاضی خاں جلد اول میں منقول ہے۔ :

'**عن ابى حنيفة رحمه الله: انه قال لا يجصص القبر ولا يطين ولايرفع عليه بناء**"

ترجمہ : حضرت امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ قبر کو نہ پختہ بنایا جائے۔ اور نہ مٹی سے لیپا جائے اور نہ ہی گنبد بنایا جائے۔

(12) عرس اور قوالیوں وغیرہ کے بارے میں ایک سوال کا جواب جناب احمد رضا خاں صاحب بریلوی نے یوں دیا جو کہ ان کی کتاب احکام شریعت صفحہ ۶۰ حصہ اول میں تحریر ہے۔

الجواب : ایسی قوالی حرام ہے۔ حاضرین سب گناہ گار ہیں اور ان سب کا گناہ ایسا عرس کرنیوالوں اور قوالوں پر ہے۔ اور قوالوں کا بھی گناہ اس عرس کرنیوالے پر ہے۔ بغیر اس کے کہ عرس کرنے والے کے ماتھے قوالوں کا گناہ جانے سے قوالوں پر گناہ کی کچھ کمی آئے یا اس کے اور قوالوں کے ذمہ حاضرین کا وبال پڑنے سے حاضرین کے گناہ میں کچھ تخفیف ہو۔ نہیں بلکہ حاضری میں ہر ایک پر اپنا پورا گناہ اور قوالوں پر اپنا گناہ الگ اور سب حاضرین کے برابر جدا اور ایسا عرس کرنے والے پر اپنا گناہ الگ اور قوالوں کے برابر جدا اور سب حاضرین کے برابر علیحدہ، وجہ یہ کہ حاضرین کو عرس کرنیوالے نے بلایا ان کے لئے اس گناہ کا سامان پھیلایا اور قوالوں نے انہیں سنایا اگر وہ سامان نہ کرتا یہ ڈھول سارنگی نہ سناتے تو حاضرین اس گناہ میں کیوں پڑتے۔ اسلئے ان سب کا گناہ ان دونوں پر ہوا پھر قوالوں کے گناہ کا باعث وہ عرس کرنے والا ہوا وہ نہ کرتا نہ بلاتا یہ کیونکر آتے بجاتے لہٰذا قوالوں کا بھی گناہ اس بلانے والے پر ہوا۔

قارئین کرام : مذکورہ بالا حوالہ جات سے آپکو اندازہ ہو گیا ہو گا۔ کہ شرک و بدعات کتنی بری چیزیں ہیں۔ ہدایت کے طلبگار کیلئے اتنے حوالہ جات کافی ہیں طوالت کے خوف سے میں انہی حوالہ جات پر اکتفا کرتا ہوں اب ذرا اس من گھڑت رسالے کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طرف آپ غور کریں کہ جس کے ٹائٹل پر ہی جناب صفدر علی سلیمانی صاحب نے ہر قسم کی غلطیوں کے انبار لگا دیئے ہیں۔

غلطی نمبر 1 پہلی بات یہ ہے کہ صفدر سلیمانی فاضل عربی وغیرہ صاحب کی یہ عبارت (اظهار الحق فی الحقیقت مرد حق) عربی ،اردو اور فارسی کے ترکیبی قواعد و ضوابط کے بالکل خلاف ہے۔ کیونکہ اس میں الحقیقت مضاف ہے۔ اور مضاف پر "ال" داخل نہیں ہوتا اور دوم بات یہ ہے کہ عربی میں آدمی کو مرد نہیں بلکہ " رجل" کہتے ہیں۔

لہٰذا عربی میں صحیح عبارت یوں ہو گی "اظهار حق فی حقیقة رجل الحق" اور فارسی میں صحیح عبارت یوں ہو گی۔ "اظہار الحق در حقیقت مرد حق"

غلطی نمبر 2 "فیوض لی لابرار" ایسی عبارت ہے کہ جو غیر واضح ہے۔ کیونکہ بظاہر یہ بدل یا عطف بیان معلوم ہو رہا ہے۔ تو اگر ایسے ہی ہے تو پھر یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے اس فرمان اقدس کے بالکل مخالف ہیں۔

(فلا تزکوا انفسکم بل اللہ یزکی من یشاء) الایة

یا پھر صفدر صاحب کو کسی صرفی نحوی استاذ جو کہ علم البلاغہ اور علم المعانی بھی جانتا ہو۔ اس سے یہ عبارت درست کروالینی چاہیے۔ تاکہ ڈگری فاضل عربی کی لاج رہ جائے۔

غلطی نمبر 3 "قیوم زمان" قیوم لفظ اسم فاعل مبالغہ کا صیغہ ہے۔ کہ جس کا معنی ہے۔ بہت قائم کرنے والا جبکہ پوری عبارت کا معنی یوں ہو گا کہ پورے زمانے کو قائم رکھنے والا۔ حالانکہ "قیوم" زمان کی صفت صرف اللہ ہی کو زیب دیتی ہے۔ اور حقیقت بھی اسی طرح ہے۔ جیسا کہ آیۃ الکرسی میں مذکور ہے۔ (اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم ۔۔۔ (البقرة))

غلطی نمبر 4 "قطب القطاب" اس عبارت میں بھی صفدر صاحب نے قطب کی وہ جمع لکھی ہے کہ جس کا وجود لغت کی بڑی بڑی کتابوں مثلاً تاج العروس۔ لسان العرب۔ الصحاح۔ المنجد وغیرہ میں تو دور کی بات ہے۔ اردو کی لغت "مصباح اللغات" جو کہ عربی سے اردو میں ہے۔ اس میں بھی نہیں ملتا شاید کہ سلیمانی صاحب نے کوئی نئی ڈکشنری خود لکھی ہے کہ جس میں یہ قطب کی جمع ہے۔ حالانکہ تمام کتب لغات میں قطب کی جمع اقطاب ہی ملتی ہے۔۔

غلطی نمبر 5 دیگر اسناد کے متعلق تو ہم کچھ نہیں کہہ سکتے البتہ ہمیں مؤلف کے فاضل عربی ہونے میں یقینی طور پر شک ہے۔ کیونکہ اگر مؤلف واقعی فاضل عربی ہوتا تو مندرجہ بالا اغلاط صریحہ جو کہ صرف ٹائٹل پر ہی ہیں مؤلف سے سرزد نہ ہوتیں۔ جب ٹائٹل کا یہ حال ہے۔ تو کتابچہ کے اندرونی صفحات کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔

ابھی تو ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا ۔۔۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

شاعر نے کسی ایسے ہی فاضل عربی کے متعلق لکھا ہے۔

نہ شریعت سے ہوئے واقف نہ دین حق کو پہچانا ۔۔۔ پہن کر جبہ اور قلہ بن بیٹھے مولانا

اس کے بعد آگے چل کر اس کتابچہ کے صفحہ نمبر ۱۲ پر مصنف صفدر صاحب نے بڑی چالاکی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس نے اس صفحہ پر حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مفصل تذکرہ لکھا ہے۔ جو کہ ایک سچے صحابی تھے۔ اور فوراً بعد جہلم کے پیر سلیمان پارس کا نام لکھ کر اسے صحابیؓ رسول ﷺ بلکہ آپ ﷺ کا حجام ثابت کرنے کی ناپاک کوشش کی ہے۔۔ حضرت سلیمان فارسیؓ کا تذکرہ اسلئے کیا تاکہ لوگوں کو یہ معلوم نہ ہو سکے کہ فارسی اور پارس ملتے جلتے الفاظ ہیں۔ یا ان دونوں لفظوں میں فرق ہے۔ یعنی لوگوں کو اس دھوکے میں ڈال کر پیر سلیمان کو صحابی ثابت کر دیا تاکہ سادہ لوح مسلمان اس فریب کی زد میں آکر بڑی آسانی کے ساتھ گمراہی کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سمندر میں جا گریں۔

قارئین کرام! پہلی بات تو یہ ہے۔ کہ ہم نے جہلم کے بزرگوں سے یہ سنا ہے۔ کہ یہاں پر کسی آدمی کی قبر نہیں بلکہ مغلیہ خاندان کا گھوڑا دفن ہے۔ اس لئے وہاں بہت بڑی قبر بنائی ہوئی ہے۔ کیونکہ وہ قبر کسی آدمی کی معلوم نہیں ہوتی بہر حال اگر وہاں پر کوئی بزرگ دفن ہے۔ اور اس کا نام سلیمان ہے تو جہلم کے اکثر لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ چار پانچ سال قبل پیر سلیمان پارس کے نام کے ساتھ رحمتہ اللہ علیہ لکھا جاتا تھا۔ مگر اب ترقی کر کے وہاں رحمتہ اللہ علیہ کی بجائے رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا جاتا ہے۔ مجھے اس بات کا خدشہ ہے کہ کہیں تین چار سال بعد پیر سلیمان کو نبی کا درجہ دیکر ساتھ (علیہ السلام) تحریر کرنا شروع نہ کر دیں۔ العیاذ باللہ

قارئین کرام! غور فرمائیں کہ کسی عام آدمی کو صحابی کا درجہ دینا یا بذریعہ جھوٹ صحابی بنانا تمام صحابہ کرامؓ کی توہین کرنا اور ان کا حق چھیننے کے مترادف ہے۔ وہ صحابہ کرامؓ جنہوں نے اپنا تن من دھن اللہ اور اس کے رسول حضرت محمد ﷺ کے اشاروں پر قربان کر دیا۔ جن سے راضی ہو کر رب اکبر نے انہیں اپنی رضامندی۔ خوشنودی اور جنت کا سرٹیفکیٹ عنایت فرمایا۔

قارئین کرام! صحابی وہ ہوتا ہے۔ کہ جس نے حالت اسلام میں حضرت محمد ﷺ کی زیارت اور ملاقات کا شرف حاصل کیا ہو اور وہ حالت ایمانی پر ہی فوت ہوا ہو۔ مگر پاکستانی مسلمان (بریلوی) حضور ﷺ کو ہر جگہ حاضر و ناظر جانتے ہیں اور حضور ﷺ کو دیکھنے کا دعویٰ بھی کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں تمہارے اس کلیہ کے تحت لوگ دھڑا دھڑ صحابی بن رہے ہوں گے۔ لہٰذا تم بھی اپنے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھو۔ اگر نہیں لکھو گے تو ہم تم کو ابو جہل وغیرہ تصور کریں گے۔ کیونکہ آپ ﷺ کو ملنے کے بعد ابو جہل وغیرہ نے ہی صحابی بننے سے انکار کیا تھا۔ یا پھر اپنے اس غلط عقیدے کو چھوڑ دو۔

قارئین! سب سے شرمناک بات یہ ہے۔ کہ صفدر سلیمانی صاحب نے پیر سلیمان صاحب کو صحابی بنانے کے لئے جو دلائل لکھے ہیں۔ وہ سب کے سب جہلم کے مولویوں، پیروں وغیرہ کے خواب، مراقبے اور کشف قبور کے بیانات ہیں۔ کہ پیر سلیمان پارس صحابی رسول تھا۔ (العیاذ باللہ)

پہلی بات تو یہ ہے کہ مراقبہ جات کرنا۔ کشف قبور کرنا یہ سب کچھ ویسے ہی قرآن و حدیث اور فقہ کی معتبر کتب میں واضح طور پر حرام قرار دیئے گئے ہیں۔ اور پھر عام آدمی کو صحابی بنانے کے لئے کسی مولوی صاحب یا کسی پیر صاحب یا کسی امتی صاحب کی باتیں اور خواب وغیرہ دلیلیں نہیں بنائی جا سکتیں۔ لہٰذا اب نیا صحابی کوئی بھی نہیں بن سکتا کیونکہ رسول مکرم ﷺ اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔ اور تمام صحابہؓ بھی۔ اس لئے نہ تو کوئی حضرت محمد ﷺ کو زندہ حالت میں دیکھ سکتا ہے۔ اور نہ ہی صحابی بن سکتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ ہم نے الحمد للہ اسماء الرجال اور جرح و تعدیل کی تمام کتب کا گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ لیکن ہمیں پیر سلیمان کا تذکرہ تو دور کی بات ہے اس کا نام تک بھی نہیں ملا۔ اور نہ ہی کوئی ایسی حدیث کی کتاب ہے کہ جس میں وہ حدیث موجود ہو کہ جس کا راوی پیر سلیمان ہو، معلوم ہوا کہ یہ سب کچھ جھوٹ اور فراڈ پر مبنی ہے۔ کیونکہ اگر پیر سلیمان صحابی ہوتا اور حجام مصطفیٰؐ ہوتا تو ضرور کسی نا کسی حدیث کا راوی ہوتا، چلو اور نہ سہی تو بالوں کے بارے میں ہی کوئی روایت بیان کرتا۔ مگر یہ بھی نہیں۔ اس لئے ہم ان لوگوں کو جنہوں نے پیر سلیمان پارس صاحب کو صحابی بنایا ہوا ہے۔ گذارش کرتے ہیں کہ خدارا ایسے کاموں کو یعنی غلط حرکات کو چھوڑ دو اور اللہ کے حضور سچی توبہ کر لو۔ ورنہ ہم تو یہی کہیں گے

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی

پھر اس کتابچے کے صفحہ ۴ پر مصنف مذکور نے پیر سلیمان کے متعلق بہت سی من گھڑت اور جھوٹی کرامات کو تحریر کیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۔جن میں سے چند کرامتیں اوران پر تبصرہ پیش خدمت ہے۔ پہلی کرامت میں اس نے یہ شعر لکھا ہے۔

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی　　ہزاروں کی بدلتی تقدیر دیکھی

یعنی وہ لوگ جن کو ہم ولی سمجھتے ہیں وہ سب تقدیر بدلنے پر قادر ہیں ان میں سے پیر سلیمان بھی ایک ہیں۔ جو اپنی قبر پر آنے والے لوگوں کی بری تقدیروں کو اچھا کر دیتا ہے۔ حالانکہ قرآن و حدیث نے اس بات کو واضح طور پر کھول کر بیان فرمایا دیا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کی پیدائش سے پہلے ہی اور تمام کائنات کی تخلیق کرنے سے پہلے ہی تمام مخلوقات کی مقادیر کو لکھ دیا تھا۔ اب اس تحریر کو کوئی بھی شخص کوئی بھی نبی۔ کوئی بھی فرشتہ وغیرہ تبدیل کرنے کی طاقت نہیں رکھتا مگر ہم ان مشرک لوگوں کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ تم اس شعر کو ذرا درست کر کے تحریر کر دیعنی

نگاہ ولی میں اتنی تاثیر دیکھی　　نہ کبھی بدلتی اپنی تقدیر دیکھی

چاہے کوئی کتنا ہی بڑا بزرگ یا ولی ہی کیوں نہ ہو جب بڑھاپے کے باعث اس کے دانت گرنے شروع ہوتے ہیں تو وہ انہیں اپنے حکم کے ساتھ روک نہیں سکتا اگر اس کے بال سفید ہونا شروع ہو جائیں تو وہ انہیں اپنے حکم کے ساتھ سیاہ رہنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اگر بڑھاپے کے باعث اس کے رخسار اندر کو دھنسنا شروع ہو جائیں تو وہ اپنے حکم کے ساتھ انہیں باہر رہنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ یعنی کوئی بھی بزرگ یا ولی اپنے پورے جسم پر یا جسم کے بعض حصوں پر کوئی تصرف نہیں رکھتا۔ اسی طرح ہمارے شہر کنگن پور میں ایک بزرگ کا مزار ہے جس کا نام سید شاہ تھا۔ مگر اب وہ "سیدو پیر" کے نام سے مشہور ہے۔ پتوکی سٹی میں ایک پیر کا بہت بڑا مزار ہے جس کا نام عباس شاہ تھا مگر اب وہ "کتیاں والی سرکار" کے نام سے مشہور ہے۔ قصور سٹی میں ایک پیر کا بہت بڑا مزار ہے جس کا نام عبداللہ شاہ تھا اب وہ "بلھے شاہ" کے نام سے مشہور ہے۔ گجرات کے علاقے میں کوئی "کانواں والی سرکار" کے نام سے مشہور ہے کوئی "دولے شاہ" کے نام سے مشہور ہے کوئی "گھوڑے شاہ" کے نام سے مشہور ہے الغرض بعض پیر ایسے غلیظ ناموں سے مشہور ہیں کہ جن کے نام لکھنے کی قلم اجازت نہیں دیتا

اگر یہ تمام پیر اپنے جسم پر بھی قادر نہیں اور اپنی زندگی میں اپنے ناموں کو صحیح طور پر مشہور بھی نہیں کر سکے تو مجھے خلوص دل سے بتلاؤ کہ مرنے کے بعد یہ لوگ کیسے بگڑی سنوار سکتے ہیں؟ کیسے مرادیں پوری کر سکتے ہیں؟ یعنی جو لوگ اپنی زندہ حالت میں اپنی تقدیر نہیں بدل سکتے تو وہ مرنے کے بعد لوگوں کی تقدیریں کیسے بدل سکتے ہیں؟ اگر بھٹکے ہوئے لوگ صدق دل سے کچھ سوچیں گے توان شاءاللہ اللہ تعالیٰ ان کو ضرور بر ضرور اپنی ہدایت سے نوازے گا۔ کیونکہ ہم تو ان کی بہتری کی بات لکھ رہے ہیں۔

انہی کے مطلب کی کہہ رہا ہوں زباں میری ہے بات ان کی
انہی کی محفل سنوار رہا ہوں چراغ میرا ہے رات ان کی

پھر مصنف مذکور نے پیر سلیمان کی ایک اور کرامت یوں بیان فرمائی کہ جس وقت پاکستان اور ہندوستان کی جنگ ہوئی تو ہندوؤں نے جہلم کا پل اڑانے کی بار بار کوشش کی لیکن پیر صاحب کی نظر کرم اور طاقت سے نہ ہی پل پر کوئی بم پھٹ سکا اور نہ ہی دشمن کا کوئی جہاز گزر سکا۔

مصنف نے اس بات میں بہت بڑا جھوٹ لکھا ہے کیونکہ فوت ہونے کے بعد آدمی کا دنیا سے تعلق ختم ہو جاتا ہے اور آدمی کو دنیا کی خبر نہیں ہوتی۔ بہر حال اگر اس جھوٹ کو کچھ وقت کے لئے تسلیم کر لیا جائے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جنگ میں تو پیر سلیمان صاحب نے بہت سے جوہر دکھائے لیکن جب ہندوستان میں بابری مسجد کو بری طرح شہید کیا گیا تھا تو اس وقت پیر سلیمان پارس، پیر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خواجہ معین الدین چشتی اجمیری جو کہ ہندوستان کے شہر اجمیر میں دفن ہیں اور دیگر تمام پیر حضرات کہاں گئے تھے اور اپنے کراماتی جواہر کیوں استعمال نہ کئے تھے؟ معلوم ہوا کے یہ سب کچھ صرف اپنی دکانداری چمکانے کا بہانہ ہے۔ پھر وہ کتابچے میں لکھتا ہے کہ پیر سلیمان پارس ہر بیمار کو شفاء بخشتا ہے۔ یہ بھی بہت بڑی کذب بیانی ہے۔ کیونکہ شفاء تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کا قصہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا (**واذامرضت فھویشفین**) (الشعراء آیت ۸۰) یعنی جب بھی میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی اللہ تعالیٰ مجھے شفاء دیتا ہے۔ اور پھر حضرت ایوبؑ جو کہ معتبر روایت کے مطابق ۱۲ سال تک سخت بیماری کی لپیٹ میں رہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سچے نبی ہونے کے باوجود اپنے آپ کو شفاء نہ دے سکے مگر آخر کار اللہ تعالیٰ نے ہی ان کو صحت عطا فرمائی۔ مگر عجیب بات ہے کہ ایک عام آدمی فوت ہونے کے بعد لوگوں کو مختلف بیماریوں سے شفاء دینا شروع کر دیتے ہیں۔ جیسے کہ انہوں نے صحت دینے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔ افسوس ہے کہ شاید ہاتھی کی طرح یہ لوگ بھی زندہ ایک لاکھ مالیت کے ہوتے ہیں اور مرنے کے بعد سوا لاکھ کے ہو جاتے ہیں۔ یعنی زیادہ ترقی کر لیتے ہیں۔

پھر ایک اور کرامت یہ بیان کرتا ہے۔ کہ سیلاب صرف پیر سلیمان کو سلامی دینے کے لئے آتا ہے۔ اور سیلاب کا پانی پیر صاحب کی قبر کے قریب بالکل نہیں آتا۔ آپ کو یہ بات جان کر بہت حیرانگی ہو گی کہ ۱۹۹۲ء میں جب دریائے جہلم میں سیلاب آیا تھا تو تمام لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا کہ پانی پیر سلیمان کی قبر اور مزار میں بڑی آسانی سے داخل ہو گیا تھا۔ مگر صفدر سلیمانی صاحب نے ایک جھوٹ چھپانے کیلئے کئی جھوٹ تحریر کر دیئے۔ بہر حال اگر کچھ وقت کیلئے یہ بات تسلیم کر لی جائے کہ پانی پیر صاحب کی سلامی کیلئے آتا ہے۔ تو پھر سوال یہ پیدا ہو گا کہ سلامی اور سلامتی وغیرہ کا معنی امن۔ سکون اور بے خوفی ہے۔ پانی پیر صاحب کو تو سلامی دیتا ہے۔ مگر پورے جہلم کے باسیوں اور ارد گرد کے لوگوں۔ مویشیوں اور فصلوں کیلئے مصیبت اور عذاب بن کر آتا ہے۔ مندرجہ بالا مضمون کو پڑھنے کے بعد آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ یہ سب کچھ ڈرامے ہیں اور کھانے پینے کیلئے من گھڑت بدعتی رسومات اور غلط افعال ہیں۔ جن کا قرآن وحدیث، اقوال صحابہؓ اور آئمہ عظامؒ سے کسی قسم کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

کیونکہ تمام اشیاء پر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کا تصرف اور قدرت ہے۔ اس کے کسی بھی کام میں اور کسی بھی صفت میں کوئی نبی۔ کوئی صحابیؓ کوئی ولی کوئی بزرگ اور کوئی فرشتہ یعنی کوئی بھی چیز دخل نہیں دے سکتی۔ اگر ہم کوئی بھی صفت الٰہی کسی اور میں موجود سمجھیں گے تو یہ شرک ہے۔ اور شرک ایسی بیماری اور برائی ہے۔ کہ جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یوں ارشاد فرمایا۔

(**ان الشرك لظلم عظيم**) (لقمان: ۱۳) پھر ایک جگہ یوں فرمایا: (**يا يها الناس ضرب مثل فاستمعوا له، ان الذين تدعون من دون الله لن يخلقو اذباباً و لواجتمعواله، وان يسلبهم الذباب شئيا لا يستنقذوه منه، ضعف الطالب والمطلوب ٥ ما قدروا الله حق قدره ان الله لقوى عزيز**) (الحج: ۷۳۔۷۴)

ترجمہ: اے لوگو بیان کی گئی ہے ایک مثال پس سنو تم اس کو بیشک وہ لوگ جن کو تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی ہرگز پیدا نہیں کر سکیں گے اگرچہ وہ سب اس کی لئے اکٹھے بھی ہو جائیں اگر وہ مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے ذرہ بھر بھی تو وہ اس چیز کو اس مکھی سے نہیں چھڑا سکتے کمزور ہے طالب (عابد) اور مطلوب (معبود) انہوں نے اللہ تعالیٰ کی اس طرح قدر نہیں کی جس طرح قدر کرنے کا حق تھا۔ بیشک اللہ تعالیٰ یقیناً طاقتور اور غالب ہے۔

اللہ کریم ہم سب کو قرآن وسنت پر عمل کی توفیق دے ورنہ نافرمانی کی صورت میں یہی ہو گا۔

نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے — نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم

© rasailojaraid.com